

# لوگ کیسے سیکھتے ہیں؟
# (VAK types)

شعبہ تحقیق علمی

انڈراسٹینڈ القرآن اکیڈمی

# عمومی خاکہ

1. سیکھنے کے ذریعے حاصل ہونے والے نتائج
2. مہارت کی طرف لے جانے والا راستہ
3. سیکھنے کے طریقے (Patterns) اور اُس سے متعلق نظریات (Theories)
4. دیکھ کر، سن کر اور محسوس کر کے سیکھنے کے طریقے (Visual, Auditory, and Kinesthetic)
5. سیکھنے سے متعلق کام
    1. اسائنمنٹ اور حوالہ جات کا مطالعہ
    2. پورٹ فولیو کی سرگرمی اور پروجیکٹ

# سیکھنے کے ذریعے حاصل ہونے والے نتائج

1. اساتذہ کو سیکھنے کے مختلف انداز اور طلبہ کی ضرورتوں کے مطابق مناسب طریقوں کا استعمال کرنے سے واقف کرانا
2. سیکھنے کے مختلف طریقوں / نمونوں کی پہچان کرنا
3. پڑھانے کے دوران ہدایات دینے میں ان چیزوں کو استعمال کرنے کے لیے حکمت عملی بیان کرنا



# سرگرمی: پرانی یادوں سے۔۔۔

موم کے رنگوں کو استعمال کرتے ہوئے اپنی پرانی یادوں کی ڈرائنگ بنائیے۔

اچھی یادیں

بُری یادیں

# مہارت کی طرف لے جانے والا راستہ

1. لاشعوری طور پر قابل نہ ہونا
2. شعوری طور پر قابل نہ ہونا
3. شعوری طور پر قابل ہونا
4. لاشعوری طور پر قابل ہونا


کامیابی ایک ایسا کام ہونا چاہیے جسے ضرورت پڑنے پر دہرایا جاسکے۔

# سیکھنا ایک بڑھنے والا عمل




# سیکھنے کے طریقے (Patterns)








# سیکھنے کے نظریات (Theories)




by Richard Millwood

teachthought

# سیکھنے کے نظریات (Theories)

آئیڈیاز یا خیالات جو طلبہ کے سیکھنے اور سیکھی ہوئی معلومات کو باقی رکھنے کے طریقوں سے تعلق رکھتے ہیں۔


1. طرز عمل (Behaviourism)
2. علمیت (Cognitivism)
3. تعمیر پسندی (Constructivism)
4. انسانیت پرستی (Humanism)
5. جڑنے کا عمل (Connectivism)
6. سماجی طور پر سیکھنے کا نظریہ (Social Learning Theory)
7. تجرباتی طور پر سیکھنا (Experiential Learning)
8. متعدد ذہانتیں (Multiple Intelligences)

# لوگوں کے سیکھنے کے طریقوں کو کیوں جاننا چاہیے؟

- نمونہ یا مثال بنانے کی تکنیک پیدا کرنا
- اگر آپ وہی کام کرتے رہیں گے جو آپ نے اب تک کیا ہے، تو آپ کو وہی نتیجہ ملے گا جو اب تک ملا ہے۔
- اگر آپ وہ کریں گے جو دوسروں نے کیا ہے، تو آپ کو بھی وہی نتیجہ ملے گا جو اُن لوگوں کو ملا ہے۔
- اگر آپ کوئی ایسی چیز یا بات چاہتے ہیں جو آپ کے پاس کبھی نہیں تھی، تو پھر آپ کو کچھ ایسا کرنا ہوگا جو آپ نے کبھی نہیں کیا ہے۔

# سیکھنے والوں کی مختلف قسمیں

- اللہ تعالیٰ نے ہم میں سے ہر ایک کو ایک بالکل منفرد اور سب سے الگ تحفے سے نوازا ہے۔
- اُس تحفے کو پہچانئے اور اُسے استعمال کیجیے۔
- دوسروں کی بھی اُس تحفے کو پہچاننے میں مدد کیجیے۔
- ایک ہی سائز سب کو برابر نہیں آتا ہے !



## سرگرمی: کیا ہم مختلف ہیں؟




اپنے ہاتھوں کو ملائیے!

# سرگرمی: یہ کون سا رنگ ہے؟



# Visual, Auditory & Kinesthetic
## سیکھنے کے طریقے




- دیکھ کر سیکھنا (Visual) : جو کچھ انسان کو نظر آتا ہے، تصویریں، رنگوں کا استعمال اور خوبصورتی و سجاوٹ کا استعمال
- سُن کر سیکھنا (Auditory) : جو کچھ انسان سُنتا ہے، چیزوں اور انسانوں کی آوازیں، الفاظ کی شکل میں کہی گئی معلومات کو جانچنا
- محسوس کر کے سیکھنا (Kinesthetic) : جو کچھ انسان محسوس کرتا ہے۔ چیزوں کا ذاتی طور پر تجربہ کرنے اور اُنہیں محسوس کرنے کو ترجیح دینا، کام میں حصہ لے کر اور اُسے کر کے بہتر طور پر سیکھنا

# حِس (senses)

## Visual - دیکھنا

- آپ جو کہہ رہے ہو وہ مجھے نظر آرہا ہے
- تصویر سمجھ میں آ گئی ہے
- یہ ٹھیک دِکھ رہا ہے
- میں اُس کا تصور کر سکتا ہوں
- میرے دماغ کی آنکھوں میں
- مجھے ثبوت دکھاؤ
- آیئے ایک لمبی مدت تک چلنے والے نقطہ نظر کو دیکھتے ہیں
- براہ کرم چیزوں پر نظر رکھیں

## Auditory - سُننا

- آپ جو کہہ رہے ہو وہ میں سُن رہا ہوں
- یہ سننے میں اچھا لگ رہا ہے
- وہ خوشی کے ترانے گا رہا ہے
- ذرا اِس کو سُنو
- یہ تو سُنا ہوا لگ رہا ہے
- ذرا نئے خیالات کو سُنو
- میں لوگوں کو سننا چاہتا ہوں
- وہ تو کسی اور ہی دُھن میں تھا

## Kinesthetic - محسوس کرنا

- یہ ٹھیک محسوس ہو رہا ہے
- اِسے ہینڈل کرنا تو آسان ہے
- اِس کے لیے بہت محنت لگتی ہے
- مجھے بڑا رحم آتا ہے
- اب مجھے سمجھ میں آیا
- صحیح بات کو پکڑے رہو
- زندگی میں ذرا بیلینس رکھو
- نئے زمانے سے بھی واقف رہو

# دیکھ کر سیکھنے والے

- دیکھ کر سیکھنے والوں سے مراد وہ لوگ ہیں جو چیزوں کو دیکھ کر سیکھتے ہیں۔
- ایسے لوگ نظر آنے والی میڈیا (کتابیں، وائٹ بورڈ وغیرہ) کے ذریعے معلومات حاصل کرنے میں بہتر ہوتے ہیں
- اِنہیں رنگ اور فیشن وغیرہ پسند ہوتا ہے۔
- اِن کے خواب بھی رنگین ہوتے ہیں۔
- چارٹس وغیرہ کو سمجھتے ہیں اور پسند کرتے ہیں۔
- اشاروں کی زبان میں بہتر ہوتے ہیں۔
- الفاظ کے ہجے کرنے میں بہتر ہوتے ہیں؛ لیکن نام بھول جاتے ہیں۔
- اِنہیں کسی لیکچر یا خطاب کو سمجھنے سے پہلے کچھ دیر سوچنے کی ضرورت پڑتی ہے۔



# دیکھ کر سیکھنے والوں کے لیے چند مشورے

- جو کچھ سیکھا ہے اُس کا ایک نقشہ بنائیں
- ہر چیز کا ایک خاکہ بنائیں !
- بورڈ پر جو کچھ لکھا ہے اُسے لکھیں
- ٹیچر سے ڈایاگرام بنانے کے لیے کہیں
- جملوں کے ڈایاگرام بنائیں
- نوٹس لکھیں، لسٹ بنائیں
- سبق سے متعلق ویڈیوز دیکھیں
- کوڈ-ورڈز کو کلر کریں، نوٹس کے بارے میں تحقیق کریں
- مطالعہ کا خاکہ بنائیں
- فلیش کارڈز استعمال کریں
- ہائی لائٹر استعمال کریں، الفاظ پر سرکل بنائیں، الفاظ کو انڈر لائن کریں

# کیس اسٹڈیز

- دیکھ کر سیکھنے والوں کے امتحان یا جانچ کا بہترین طریقہ :
  - ڈایاگرام بنانا، نقشوں کا مطالعہ، مضامین (اگر پہلے سے خاکوں کا استعمال کر چکے ہوں تو)، کسی کام کے مرحلے بتانا
- سب سے خراب طریقہ :
  - سنو اور امتحان/جانچ میں جواب دو

# سُن کر سیکھنے والے

- سُن کر سیکھنے والوں سے مراد وہ لوگ ہیں جو چیزوں کو سُن کر سیکھتے ہیں۔
- اِن لوگوں کو خود اپنے لیے بھی بلند آواز سے پڑھنا پسند ہوتا ہے۔
- گرامر اور غیر ملکی زبانوں میں بہتر ہوتے ہیں۔
- کلاس میں بات کرنے سے نہیں ڈرتے ہیں۔
- آہستہ پڑھتے ہیں، زبانی رپورٹس پسند کرتے ہیں۔
- زبانی طور پر دی گئی ہدایات پر اچھی طرح عمل کرتے ہیں، بات کو سمجھانے میں اچھے ہوتے ہیں۔
- زیادہ دیر تک خاموش نہیں رہ سکتے۔ نام اچھی طرح سے یاد رہتے ہیں۔
- ایکٹنگ اور اسٹیج پر آنے میں اُنہیں مزہ آتا ہے۔ فلم یا ویڈیو وغیرہ میں ساؤنڈ ایفکٹس کو نوٹ کرتے ہیں۔
- گروپ کی شکل میں اسٹڈی کرنے میں بہتر ہوتے ہیں۔ ترتیل اور تجوید کے ساتھ تلاوت کا لطف اٹھاتے ہیں۔
- ترتیب، سیریز اور مرحلے وار امور کو سمجھنے میں بہتر ہوتے ہیں۔



# سُن کر سیکھنے والوں کے لیے چند مشورے

- سیکھی گئی باتوں اور اہم امور کو یاد رکھنے کے لیے الفاظ کے باہمی تعلق کا استعمال
- لیکچرز کو ریکارڈ کرنا
- مضمون سے متعلق ویڈیوز دیکھنا
- سیکھی گئی باتوں کو آنکھیں بند کر کے دہرانا
- گروپ ڈسکشن میں حصہ لینا
- زبان کی مشق کے لیے آڈیو ٹیپس کا استعمال
- نوٹ لکھنے کے بعد ریکارڈ کرنا

# سرگرمی

# محسوس کرکے سیکھنے والے

- محسوس کرکے سیکھنے والے وہ ہوتے ہیں جو چیزوں کا تجربہ کرکے یا خود سے اُس کام کو کرکے سیکھتے ہیں۔
- کھیلوں میں بہترین ہوتے ہیں، زیادہ دیر خاموش نہیں بیٹھ سکتے۔
- کسی چیز کو سنتے وقت الفاظ کے ہجے کرنے (اسپیلنگ) یا مطالعے میں بہتر نہیں ہوتے ہیں۔
- اِن کی تحریر (رائٹنگ) اچھی نہیں ہوتی ہے۔ اِنہیں سائنس لیب پسند ہوتی ہے۔
- ایڈونچر سے متعلق کتابیں اور فلمیں پسند کرتے ہیں۔ کردار ادا کرنا پسند کرتے ہیں۔
- پڑھائی کے دوران وقفے لیتے ہیں۔ ماڈلز وغیرہ بناتے ہیں۔
- مارشل آرٹس اور ڈانس جیسی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں۔ لیکچرز کے دوران بے چین رہتے ہیں۔



# محسوس کر کے سیکھنے والوں کے لیے چند مشورے

محسوس کر کے سیکھنے والے اِن باتوں سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں:

- چھوٹے چھوٹے حصے کر کے پڑھنا
- لیب کی کلاسیس میں حصہ لینا
- کوئی کردار ادا کرنا
- فیلڈ ٹرپ پر جانا، میوزیم وغیرہ جانا
- دوسروں کے ساتھ مل کر پڑھنا
- یاد رکھنے کے لیے میموری گیمز اور فلیش کارڈز کا استعمال

# سرگرمی

- مختلف شخصیتوں کی پہچان کیجیے (دیکھ کر، سُن کر، محسوس کر کے سیکھنے والے)
- ٹریننگ میں شامل افراد کو کم از کم ایک منٹ بولنے کے لیے کہا جائے

## سب کوملا کر !

FORM SENTENCES BASED ON THE NLP PARAMETERS

| KINESTH. | AUDIO | VISUAL |
| --- | --- | --- |
| | | √ |
| | √ | |
| √ | | |
| | √ | √ |
| √ | √ | |
| √ | √ | √ |

# سرگرمی: طلبہ کے لیے پہلے دن کا خطاب لکھیے

دیکھ کر، سُن کر، محسوس کر کے سیکھنے والے مختلف قسم کو ذہن میں رکھتے ہوئے ایک کلاس ٹیچر کی حیثیت سے اپنے طلبہ کے لیے ایک موئثر اور بہترین استقبالیہ خطاب (تقریر) لکھیے۔

# اگلا قدم۔۔۔

یہاں جن اہم تصورات (concepts) کو آپ نے سیکھا ہے،
اُنہیں ایک مؤثر لیسن پلان بنانے کے لیے استعمال کیجیے۔

# سیکھنے سے متعلق کام

- پڑھنے سے متعلق اسائنمنٹ:
  - لوگ کیسے سیکھتے ہیں؟ (پڑھنے کے لیے یہاں کلک کریں)
- نیچے دی گئی لنکس کا تفصیل سے جائزہ لیں:

1. Afzal Hussain “Funne taleem”
2. *How People Learn: An Evidence-Based Approach* https://www.edutopia.org/blog/how-people-learn-evidence-based-paul-bruno
3. *What is the Multiple Intelligences Theory?* https://www.uopeople.edu/blog/what-is-the-multiple-intelligences-theory/
4. *Four Developmental Needs of a Child | Salman Asif Siddiqui* https://www.youtube.com/watch?v=_PY7jqLovx4
5. Learning Challenges of Students https://www.youtube.com/watch?v=KcuXaZGHIDg
6. Emotional & Behaviorally Disturbed Students (EBD) https://www.youtube.com/watch?v=wKDjfPMek3k

# سیکھنے سے متعلق کام

- پورٹ فولیو کی سرگرمی (Portfolio Activity):

نیچے دیے گئے تمام سوالات سے متعلق چند سطریں یا ایک پیراگراف لکھیں۔

- آپ کے اپنے تجربے یا مشاہدے کی روشنی میں بتائیے کہ کس قسم کے طلبہ کو پڑھانا آپ کے لیے سب سے زیادہ مشکل اور چیلنج بھرا ہوتا ہے؟ اور کیوں؟
- ٹی پی آئی (TPI: Total Physical Interaction) کس طرح سے ہر قسم کے سیکھنے والوں کی ضرورت کو پورا کرتی ہے؟
- ماڈل کو ذہن میں رکھتے ہوئے بتائیے کہ آپ اخفاء کا قاعدہ کیسے سکھائیں گے؟
- خود اپنے آپ کو، اپنے دوستوں کو اور اپنے گھر والوں کو پہچانیے کہ کون Visual ہے، کون Auditory، اور کون Kinesthetic ہے، اور پھر اُس کی وجوہات بھی لکھیے۔ کیا اِن میں سے کوئی ایسا بھی ہے جسے آپ نہیں پہچان سکے ہیں؟ نیز بتائیے کہ نفسیات سے متعلق آپ کی معلومات کس طرح سے آپ کے ذاتی رشتوں کو بہتر بنا سکتی ہے؟
- نفسیات سے متعلق معلومات کا ہونا کیسے استاد اور طالب علم کے والدین اور استاد اور طالب علم کے درمیان رشتوں کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے؟

# سیکھنے سے متعلق کام

- پروجیکٹ:

1. ایک ٹیچر کا اپنے طلبہ کے لیے پہلے دن کا استقبالیہ خطاب کیا ہوگا، لکھیے۔
2. ایک تقریر یا مضمون لکھیے کہ ایک کم عمر یا نوجوان بچے کو کس طرح سمجھایا جائے کہ قرآن آسان ہے۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں اوپر بیان کیے گئے تمام نظریات اور معلومات کو استعمال کیجیے۔



## مطلوبہ نتائج

1. اساتذہ کو سیکھنے کے مختلف انداز اور طلبہ کی ضرورتوں کے مطابق مناسب طریقوں کا استعمال کرنے سے واقف کرانا
2. سیکھنے کے مختلف طریقوں / نمونوں کی پہچان کرنا
3. پڑھانے کے دوران ہدایات دینے میں ان چیزوں کو استعمال کرنے کے لیے حکمت عملی بیان کرنا

# جزاکم اللہ خیرا

ٹیچر ٹریننگ کورس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کے لیے اِن باتوں پر ضرور عمل کریں:

1. تمام اسائنمنٹ (دیے گئے کاموں کو) وقت پر جمع کریں۔
2. آن لائن کلاسز میں باقاعدہ طور پر اور وقت کی پابندی کے ساتھ شریک ہوں۔
3. آن لائن سیشن سے پہلے ویڈیو پر مشتمل اسباق کا جائزہ لے لیا کریں۔
4. جب بھی اور جہاں بھی ضروری محسوس ہو، نوٹ ضرور لیں۔
5. اگر کسی موضوع پر مزید وضاحت کی ضرورت ہو تو انسٹرکٹر (ٹریننگ دینے والے ساتھی) سے اُس کی درخواست کریں۔

# Q & A